# ہائی سن 33 ہائی سن 39 ایگوارا-4

## خوشحال کسان۔۔۔خود کفیل پاکستان

### زیادہ پیداوار۔۔۔منافع بے شمار




## کھاد کا استعمال

| | |
|---|---|
| بجائی کے وقت | 1 بوری ڈی اے پی + 1/2 بوری یوریا + 1 بوری ایس او پی یا 2 بوری نائٹروفاس + 1 بوری ایس او پی یا ½ 2 بوری سنگل سپر فاسفیٹ + 1 بوری یوریا + 1 بوری ایس او پی |
| **فرٹی ہیوما** (پوٹاشیم ہیومیٹ) | 8 کلوگرام فی ایکڑ بجائی کے وقت استعمال کریں |
| پہلے پانی کے ساتھ | 1/2 بوری یوریا + ½ 7 کلوگرام فی ایکڑ **زنگرین** |
| پھول بنتے وقت | 1/2 بوری یوریا |
| **فرٹی میکرو** (15-15-15) | 1-2 کلوگرام پھول آنے سے پہلے اسپرے کریں |
| **فرٹی کے 50** | پھول بنتے وقت 10 کلوگرام فی ایکڑ فلڈ کریں |

نوٹ: کھاد کا استعمال زمین کی زرخیزی کو مدِنظر رکھتے ہوئے کریں۔

## آبپاشی کا عمل

| | |
|---|---|
| پہلا پانی | بیج پھوٹنے کے 30 دن بعد |
| دوسرا پانی | پہلے پانی کے 15 سے 20 دن بعد |
| تیسرا پانی | پھول بنتے وقت |
| چوتھا پانی | بیج بنتے وقت |
| پانچواں پانی | چوتھے پانی کے 15 دن بعد |

نوٹ: موسمی حالات اور بارش کو مدِنظر رکھتے ہوئے پانی کی مقدار اور وقفے میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے نیز بیج بننے کے دوران پانی کی کمی ہرگز نہ آنے دیں۔

## کٹائی



(الف) جب پھول میں دانے بننے کا عمل مکمل ہو چکا ہو۔ اور پیلی پتیاں بھورے رنگ کی ہو جائیں تو پانی کا وقفہ بڑھا دیں۔

(ب) جب پھول کی پتیاں بھورے رنگ کی ہو کر گر جائیں اور پھول کی پشت سبز سے زرد رنگ کی ہو جائے تو فصل برداشت کے قابل ہو جاتی ہے۔ کٹائی کا عمل ہاتھ سے بھی کیا جا سکتا ہے۔ اگر فصل کی برداشت کمبائن ہارویسٹر سے کرنی ہو تو پانی بالکل روک دیں اور پودوں کو خشک ہونے دیں۔

## لوئر سندھ میں کاشت کے لئے سفارشات

لوئر سندھ (ٹھٹھہ، بدین) کے علاقے میں بہتر پیداوار حاصل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل سفارشات پر عمل کریں۔

- ★ زمین کی بہترین تیاری کے لئے دو سے تین سال بعد ایک مرتبہ چیزل ہل چلائیں۔
- ★ کھاد کی تمام سفارش کردہ مقدار بیجائی کے وقت استعمال کریں۔
- ★ کھاد کا چھٹہ کرنے کی بجائے بیج کے ساتھ ڈرل کریں لیکن خیال رہے کہ بیج اور کھاد ایک ہی جگہ پر ڈرل نہ ہوں۔
- ★ کھاد بیج سے کم از کم 3 انچ کے فاصلے پر ہو نیز بیج کی گہرائی 3 انچ تک رکھیں۔
- ★ 2-3 مرتبہ 1-2 فیصد یوریا کا محلول بنا کر سپرے کرنے سے پیداوار میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔

## مخلوط کاشت (کماد کے ساتھ)




مشاہدات سے ثابت ہوا ہے کہ سورج مُکھی کو کماد کے ساتھ بھی کامیابی کے ساتھ کاشت کیا جاسکتا ہے۔ جہاں پر کماد کا قطار سے قطار کا فاصلہ ڈھائی فٹ ہو وہاں کماد کی ایک قطار چھوڑ کر اس میں سورج مُکھی کاشت کی جائے۔ اس طرح ایک ایکڑ کماد میں آدھا ایکڑ سورج مُکھی کاشت ہوگی۔ نتیجتاً کماد کی فصل پر کوئی منفی اثر نہیں آئے گا اور زمیندار کی آمدنی میں اضافہ بھی ہوگا۔

**وقتِ کاشت**

| | |
|---|---|
| پنجاب، خیبر پختونخواہ، بلوچستان اور بالائی سندھ | فروری کاشت کماد کے ساتھ |
| زیریں سندھ | ستمبر تا دسمبر کاشت کماد کے ساتھ |

**کھاد کا استعمال**

| | |
|---|---|
| بیجائی کے وقت | 1 بوری ڈی اے پی (اضافی)، 1 بوری ایس او پی (اضافی) |
| دوسرے پانی کے ساتھ | 1/2 بوری یوریا (اضافی) |
| پھول نکلنے پر | ایک چوتھائی بوری یوریا (اضافی) |

نوٹ: کمپنی صرف بیج کے اُگاؤ اور خالص پن کی ضمانت دیتی ہے۔ پیداوار کا انحصار بہت سے قدرتی عوامل پر منحصر ہے اس لئے پیداوار میں کمی بیشی کی کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی۔


LCI
LUCKY CORE INDUSTRIES

#JourneyOfEnrichingLives

YBG

/LuckyCoreIndustries /Lucky-Core-Industries /LuckyCoreLtd luckycore.com

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ۔ ایگری سائینسز
63-مزنگ روڈ لاہور۔
ہیلپ لائن: 0800-73337

# نمایاں خصوصیات

## ہائی سن 33





- ★ پاکستان میں سب سے زیادہ کاشت ہونے والا سورج مُکھی کا ہائبرڈ بیج
- ★ بہترین پیداواری صلاحیت
- ★ بہتر خود افزائشی صلاحیت
- ★ زیادہ روغنی اجزاء کی ضمانت
- ★ پھولوں کا مناسب جھکاؤ، پرندوں سے محفوظ
- ★ دانوں سے بھرے ہوئے ٹھوس پھول، دانے وزن دار
- ★ گرمی اور پانی کی کمی کو برداشت کرنے کی صلاحیت
(دونوں عوامل مل کر پیداوار میں کمی کا باعث بن سکتے ہیں)
- ★ بیماریوں کے خلاف قوتِ برداشت، صحت مند فصل

## ہائی سن 39





- ★ زیادہ پیداواری صلاحیت
- ★ بہترین خود افزائشی صلاحیت
- ★ پھول کا مناسب جھکاؤ پرندوں سے محفوظ
- ★ دانوں سے مکمل بھرے ہوئے پھول
- ★ زیادہ روغنی اجزاء کی ضمانت
- ★ پانی کی کمی کا مقابلہ کرنے کی بہترین صلاحیت
- ★ دانہ بننے سے پکنے تک پودے میں نمی برقرار رہنے کی صلاحیت
- ★ مختلف موسمی حالات میں پیداوار بہترین
- ★ بیماریوں کے خلاف قوتِ برداشت

## ایگوارا-4

- ★ بہترین پیداواری صلاحیت
- ★ بہترین خود افزائشی صلاحیت
- ★ درمیانے قد کے پودے، فصل گرنے سے محفوظ
- ★ پھولوں کا مناسب جھکاؤ
- ★ زیادہ روغنی اجزاء کی ضمانت
- ★ بیماریوں کے خلاف قوتِ برداشت





# کاشت کے لئے سفارشات

## وقت کاشت

| علاقہ | خزاں کی فصل | بہار کی فصل |
|---|---|---|
| لوئر سندھ | جولائی تا اگست | نومبر تا جنوری |
| اپر سندھ | جولائی تا ستمبر | دسمبر تا فروری |
| بلوچستان | جولائی تا اگست | جنوری تا مارچ |

نوٹ: کاشتکار حضرات موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے وقتِ کاشت کا تعین کریں۔

## شرح بیج

2 کلوگرام/ایکڑ

## طریقہ کاشت

سورج مُکھی کی کاشت کاٹن ڈرل یا سورج مُکھی پلانٹر سے سیدھی قطاروں میں کریں۔ اسکے علاوہ سورج مُکھی کو کھیلیوں پر بھی کاشت کیا جاسکتا ہے۔ سورج مُکھی کو بذریعہ چھٹہ ہرگز کاشت نہ کریں۔ نقصان کی صورت میں کمپنی ہرگز ذمہ دار نہ ہوگی۔

بیج کی گہرائی 1.5-2 انچ رکھیں










## اچھی پیداوار کے لئے اہم ہدایات

سورج مُکھی کی بہترین پیداوار کے حصول کے لئے کھیت میں پودوں کی مطلوبہ تعداد برقرار رکھنا انتہائی ضروری عمل ہے۔ اگر مطلوبہ پودوں کی تعداد اور چھدرائی کے عمل پر توجہ نہ دی جائے تو پیداوار پہ اس کا اثر منفی ہوتا ہے۔ لہٰذا 4-6 پتوں کے مرحلے پر کھیت میں چھدرائی کا عمل لازماً کریں اور پودوں کا درمیانی فاصلہ 8-9 انچ کر دیں۔ اس طرح آبپاشی علاقوں میں پودوں کی تعداد 22-25 ہزار فی ایکڑ اور بدین، ٹھٹھہ کے علاقوں میں 18-20 ہزار فی ایکٹر حاصل کریں اور سورج مُکھی کی فصل سے بھرپور منافع حاصل کریں۔



چھدرائی کا عمل



پودوں کا درمیانی فاصلہ "9-"8 برقرار رکھیں